37715-مذی آنے سے روزہ نہیں ٹوٹتا

سوال

مجھے ایک مشکل یہ ہے کہ چھوٹے چھوٹے اسباب سے بھی میری شھوت میں انگیخت پیدا ہوجاتی ہے مثلا راستے میں جاتے ہوئے کسی عورت کو دیکھ لینے سے میں فوری طور پر نظریں تو نیچی کرلیتا ہوں لیکن کچھ نہ کچھ نکل آتا ہے ، یا پھر بیٹھوں تو مختلف سوچیں گھیر لیتی ہیں میں کوشش توکرتا ہوں کہ انہیں ختم کروں لیکن پھر بھی کچھ نہ کچھ نکل آتا ہے توکیا اس سے میرا روزہ فاسدہ تو نہیں ہوتا ؟

پسندیدہ جواب

مذی نکلنے سے روزہ فاسد نہیں ہوتا ، چاہے وہ سوچ وبچار سے نکلے یا پھر بیوی سے بوس وکنار کی بنا پر یا کسی اور سبب سے ، امام شافعی رحمہ اللہ تعالی کا یہی مسلک ہے ۔

دیکھیں : المجموع للنووی (323/6) ۔

شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمہ اللہ تعالی نے الاختیارات میں لکھا ہے :

باربار دیکھنے یا بوس وکنار کی وجہ سے مذی نکل آنے پر روزہ نہیں ٹوٹتا ، امام ابوحنیفہ ، امام شافعی ، اور ہمارے بعض اصحاب کا یہی قول ہے ۔ اھ دیکھیں الاختیارات (193) ۔

اور شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ تعالی نے بھی یہی اختیار کرتے ہوئے کہا ہے :

اس میں اس کے ساتھ روزہ کے عدم فساد کی دلیل ہے ، کیونکہ روزہ ایک عبادت ہے جسے انسان نے شرعی طریقہ سے شروع کیا ہے لھذا یہ ممکن نہیں کہ بغیر کسی دلیل کے ہم اس عبادت کو فاسد کردیں ۔ اھ کچھ کمی بیشی کے ساتھ دیکھیں الشرح الممتع (390/6) ۔

واللہ اعلم .